D

L.K.No. 103

Paper Code No. 7027

(SSC-A-2020)

SSC ( Part - II )

Session ( 2015 - 17 ) to ( 2018 - 20)

اردو (لازمی)

پرچہ : II (معروضی طرز) نیا کورس

وقت : 20 منٹ — گروپ فرسٹ

نمبرات : 15

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 نام دیو مالی ذات کا تھا :

(1) (A) جولاہا (B) میراثی (C) جاٹ (D) ڈھیڑ

(2) پروگرام " دانش کدہ " میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے : (A) 3 (B) 4 (C) 2 (D) 7

(3) چٹل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہوتا ہے : (A) میٹھا (B) نمکین (C) کڑوا (D) کھٹا

(4) سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا : (A) بریانی (B) فیرنی (C) یخنی پلاؤ (D) زردہ

(5) سجاد حیدر یلدرم نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے :

(A) احمد مرزا (B) محمد حسین (C) مقدمے باز دوست (D) قرض خواہ دوست

(6) باغ کے داروغہ کون تھے : (A) مولوی عبدالحق (B) سید سراج الحسن (C) ایوب عباسی (D) عبدالرحیم نفیسی

(7) مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا : (A) کلکتہ (B) کول (C) آگرہ (D) سکندرآباد

(8) سبق " [illegible] " کے ماخذ کا نام کیا ہے : (A) سب افسانے میرے (B) وہ لوگ (C) چوری چھپے (D) ہائے اللہ

(9) انجام تک پہنچنے کی شرط کیا ہے : (A) آغاز کرنا (B) جہد مسلسل (C) ایثار کرنا (D) چاہت اور محنت

(10) درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے :

(A) مِشْغِلَہ (B) مِشُغِلَہ (C) مَشُغَلَہ (D) مَشْغَلَہ

(11) کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں : (A) 2 (B) 3 (C) 6 (D) 5

(12) شاعر کے پیش نظر نظم " مال گودام روڈ " لکھنے کا مقصد ہے : (A) مزاح (B) تنقید برائے تنقید (C) مبالغہ آرائی (D) طنز برائے اصلاح

(13) گرائمر کی رو سے اسم جامد ہے : (A) چٹائی (B) لڑائی (C) پٹائی (D) پڑھائی

(14) " لکھنے والا " گرائمر کی رو سے ہے : (A) اسم مفعول (B) اسم حالیہ (C) حاصل مصدر (D) اسم فاعل قیاسی

(15) درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے : (A) اِمَرَا (B) اُمَرَا (C) اُمِرَا (D) اَمِرَا

---------☆☆☆☆☆---------

www.ilmkidunya.com

| SSC (Part - II) | سیشن (2015 - 17) to (2018 - 20) | 103 | سوال نمبر |
|---|---|---|---|
| نیو کورس ، گروپ فرسٹ | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC-A-2020 | اردو لازمی (انشائیہ) |

**حصہ اول**

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** 2x5=(10)

(الف) اسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالم — کشاکش کی صدائے ہاؤ ہو سے بھر دیا عالم

(ب) ہے کوئی ، ہنگامہ تیری تربت خاموش میں — پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں

(ج) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا — وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذمہ داری کا

(د) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں — ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

**حصہ غزل**

(الف) کاروبار جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

(ب) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(ج) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 5+5 = (10)

(الف) اب حیف پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور اُن کے سینکڑوں دوستوں اور قدردانوں کو اس سانحۂ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس ! اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اُٹھ جائے اور اس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے۔ کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔ ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے۔

(ب) نہ کاغذ ہے ، نہ ٹکٹ ہے ، اگلے لفافوں میں سے ایک بیرنگ لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں سے یہ کاغذ پھاڑ کر تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ غمگین نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے ، آج کاغذ اور ٹکٹ منگا لوں گا۔ سہ شنبہ 8 نومبر صبح کا وقت ہے ، جس کو عوام بڑی فجر کہتے ہیں۔ پرسوں تمہارا خط آیا تھا ، آج جی چاہا کہ ابھی تم کو خط لکھوں۔ اس واسطے یہ چند سطریں لکھیں۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 2x5=(10)

(i) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟ (ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُب لباب کیا تھا؟

(iii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟ (iv) اورنگ آباد میں پانی لانے کا کام کس کو تفویض ہوا اور کس نے تفویض کیا؟

(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟ (vi) شاعر اونٹ کے بیان کی تصویر کہاں لگوا رہا ہے؟

(vii) نظم میں شاعر نے " نیا گل کھلانے " کا ذکر کرکے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

(viii) شاعر کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام کیا ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) نام دیو مالی (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) سائنس کے کرشمے (ب) چڑیا گھر کی سیر (ج) علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں اور وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہو گئی اور سب نے تہیہ کر لیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کر دیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا اور سارے انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی ، احمد نگر پر حملہ کیا۔ لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اس کے دانت کھٹے ہو گئے۔

(i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟ (ii) چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟

(iii) شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا ؟ (iv) شاہی فوج کی آمد کی خبریں کہاں پہنچ رہی تھیں؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

☆☆☆☆☆

www.ilmkidunya.com

| A | L.K.No. 101 | Paper Code No. 7021 | اُردو (لازمی) |
|---|---|---|---|

(SSC - A - 2022)

گروپ فرسٹ

SSC ( Part - II )

Session ( 2018 - 20 ) to ( 2020 - 22 )

پرچہ : II (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C , D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 " نظر نامہ " کس ادیب کا بلند پایہ سفرنامہ ہے :

(1) (A) محمود نظامی (B) انصار ناصری (C) غلام عباس (D) ڈاکٹر تاثیر

(2) یہ مصرع کس شاعر کا ہے : " اے مہِ عید ! بےحجاب ہے تو :

(A) حفیظ جالندھری (B) علامہ محمد اقبال (رحمتہ اللہ علیہ) (C) عبدالمجید سالک (D) طالب الٰہ آبادی

(3) شاکر صاحب مصنف کو راجا طالب علی سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے : (A) سلیم پور (B) شاہ پور (C) احمد نگر (D) احمد آباد

(4) مولوی عبدالحق کے بقول" سچائی ، نیکی ، حسن کسی کی نہیں " : (A) مہارت (B) چاہت (C) شناخت (D) میراث

(5) مصنف قدرت اللہ شہاب کسی کام کے سلسلے میں کہاں گئے تھے : (A) لاہور (B) جھنگ (C) لائل پور (D) سلیم پور

(6) استنبول شہر میں تقریباً کتنی مساجد ہیں : (A) 400 (B) 500 (C) 700 (D) 800

(7) سلطان محمد فاتح گھوڑے سے اُتر کر داخل ہوا : (A) محل میں (B) مسجد میں (C) مندر میں (D) کلیسا میں

(8) نظم " بہادر بچے " کے مطابق پاکستانی بچوں کو کس شے سے ڈر نہیں لگتا :

(A) دشمن سے (B) موت سے (C) صحرا سے (D) طغیانی سے

(9) میدان کربلا میں گرمی کی شدت سے رَن کی زمیں سرخ تھی اور آسماں تھا :

(A) سیاہ (B) سرخ (C) سبز (D) زرد

(10) غزل کے مطابق کون سی چیز راحت فزا ہوگئی ہے : (A) مصیبت (B) محبت (C) حالت (D) حسرت

(11) دیئے گئے الفاظ میں اسم معاوضہ ہے : (A) لکھائی (B) پڑھائی (C) لڑائی (D) دُھلائی

(12) دیئے گئے افعال میں فعل ماضی استمراری ہے : (A) وہ دوڑا (B) وہ دوڑا ہے (C) وہ دوڑا تھا (D) وہ دوڑ رہا تھا

(13) " گیارہ کتابیں " قواعد کے لحاظ سے ہے : (A) مرکب تام (B) مرکب عددی (C) مرکب جاری (D) مرکب اشاری

(14) " قتل " کا درست تلفظ ہے : (A) قَتَلُ (B) قَتَّلُ (C) قَتُلُ (D) قَتِلُ

(15) درست تلفظ والا لفظ ہے : (A) حَدُوْدُ (B) حُدُوْدُ (C) حُدُّوْدُ (D) حَدُّوْدُ

---------☆☆☆☆☆---------

| SSC ( Part - II ) | سیشن (2018 - 20) to ( 2020 - 22 ) | 101 - 5 7000 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| گروپ فرسٹ | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC - A - 2022 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

## حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

### حصہ نظم (10)=2x5

(الف) اب انساں کو انساں کا عرفان ہوگا — یقیں ہوگیا ، اعتبار آگیا ہے

(ب) اُڑتی تھی خاک ، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(ج) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(د) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

### حصہ غزل

(الف) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائیگی سے ملتا ہے

(ب) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(ج) نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

## حصہ دوم

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 5+5

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفروالحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لئے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے۔

(ب) موجودہ صدی کی ابتداء میں تقریباً 30 ، 40 سال تک ہر متوسط مسلمان گھرانے کا یہی نقشہ رہا ہے۔ ان خاندانوں کی کچھ مشترک خصوصیات و روایات اور رُجحانات تھے جن کا سرچشمہ مذہب ، اخلاق ، تاریخ اور تہذیب تھی، جن کی پیروی اطراف و جوانب میں دوردور کی جاتی تھی۔

سوال نمبر4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)=2x5

(i) سیدانی بی کا میر صاحب کے ہاں معمول کیا تھا؟
(ii) سبق " ملمع " میں لڑکی نے پڑوس میں جھانک کر دیکھا تو اُسے کیا نظر آیا ؟
(iii) چغل خور کسان کا کون کون سا کام کرتا تھا ؟
(iv) نام دیو نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے ہرا بھرا رکھا؟
(v) علی بخش کی زمین کے بارے میں کپتان مہابت خان نے کیا کہا تھا؟
(vi) فاطمہ کو " راکھ میں دبی ہوئی چنگاری " کیوں کہا گیا ہے ؟
(vii) نظم " حمد " میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟
(viii) کون سے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہوجاتی ہے؟

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے (الف) نام دیو مالی (ب) چغل خور (5)

سوال نمبر6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) گداگری ایک لعنت (ب) اپنی مدد آپ (ج) ورزش (15)

سوال نمبر7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

اسلام نے لفظ " قوم " کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے ، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجک ، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا ، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا ، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں ، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا ، بلکہ جس کسی نے اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحبہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

(i) اسلام نے لفظ " قوم " کا دائرہ کتنا وسیع کیا ؟
(ii) خدائی قومی رشتے کی بنیاد کس پر رکھی گئی ہے ؟
(iii) خدائی قومی رشتہ کن دو بنیادی عقائد پر اُستوار ہے؟
(iv) اسلام میں برابری کی بنیاد کیا ہے؟
(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔

---☆☆☆☆☆---

23-02-2022

A

L.K.No. 102

Paper Code No. 7022

(SSC - A - 2022)

گروپ سیکنڈ

SSC ( Part - II )

Session ( 2018 - 20 ) to ( 2020 - 22 )

اُردو (لازمی)

پرچہ : II (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C, D دیئے گئے ہیں۔جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 درست اعراب کی نشاندہی کیجئے :

(1) (A) مِدْرِسَہُ (B) مِدْرَسَہُ (C) مَدَّرَسَہُ (D) مَدْرَسَہُ

(2) درست اعراب کی نشاندہی کیجئے : (A) مُصَوِّرُ (B) مُصَّوِّرُ (C) مُصَوَّرُ (D) مُصَّوَرُ

(3) قواعد کے دو حصے کون سے ہیں : (A) ترکیب ، تنظیم (B) صرف ، نحو (C) فقرہ ، جملہ (D) ترتیب ، تنظیم

(4) گزر چکے زمانے کو کہتے ہیں : (A) زمانہ حال (B) زمانہ مستقبل (C) زمانہ مضارع (D) زمانہ ماضی

(5) بے معنی لفظ کو کہا جاتا ہے : (A) تابعی (B) متبوع (C) تابع (D) معدود

(6) " مزدور شاعر " کس کو کہا جاتا ہے : (A) حفیظ جالندھری (B) احسان دانش (C) جوش ملیح آبادی (D) دلاور فگار

(7) جگر مرادآبادی کی غزل کی روشنی میں بتائیں کہ فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے :

(A) خوش ادائی سے (B) انگڑائی سے (C) محفل آرائی سے (D) محبوب کی خوش قامتی سے

(8) نظم " کسان " جوشؔ کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے :

(A) حرف و حکایت (B) شعلہ و شبنم (C) جذبات فطرت (D) سنبل و سلاسل

(9) قسطنطنیہ کی بہت بڑی خصوصیت ہے : (A) مزاروں کا شہر (B) میناروں کا شہر (C) مساجد کا شہر (D) روشنیوں کا شہر

(10) علامہ محمد اقبال کو انتقال والے دن صبح کیا پلایا گیا تھا : (A) فروٹ سالٹ (B) لسی (C) شربت (D) جوس

(11) ڈاکٹر سراج الحسن کی ایک خوبی یہ تھی کہ وہ تھے : (A) نبّاض (B) فیّاض (C) مردم شناس (D) خوش مزاج

(12) لڑکی نے قُلفی کو کتنی رقم دی : (A) اُٹھنّی (B) ایک روپیہ (C) پانچ کا نوٹ (D) دس روپے

(13) آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا : (A) 3 (B) 5 (C) 7 (D) 9

(14) 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی :

(A) غزلوں کی طرف (B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہر آشوب کی طرف

(15) پرستان میں پھل دار پودے کتنے بڑے تھے : (A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک فٹ (D) گز بھر

---------☆☆☆☆☆---------

| SSC ( Part - II ) | سیشن ( 2018 - 20 ) to ( 2020 - 22 ) | 102 - 56000 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| گروپ سیکنڈ | وقت 10 : 2 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC - A - 2022 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجئے۔ ☆

## حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** 2x5=(10)

(الف) گرمی کا روزِ جنگ کی ، کیوں کر کروں بیاں ڈر ہے کہ مثلِ شمع نہ جلنے لگے زباں

(ب) یہ سعادت حُورِ صحرائی ! تری قسمت میں تھی غازیانِ دیں کی سقّائی تری قسمت میں تھی

(ج) یہ سماں اور اِک قوی انسان ، یعنی کاشت کار اِرتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(د) نیا یہ آج کے پرچے نے گُل کھلایا ہے کہ سہرا باندھ کے اِک اونٹ بلبلایا ہے

### حصہ غزل

(الف) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا جہاں بادِ صرصر ، صبا ہوگئی ہے

(ب) مِل کے بھی جو کبھی نہیں مِلتا ٹُوٹ کر دل ، اُسی سے مِلتا ہے

(ج) آج غفلت بھی اِن آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

## حصہ دوم

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجئے۔ 5+5 = (10)

(الف) پرانی تہذیبوں کی تاریخ کا ایک دریا تھا کہ اُمڈا چلا آتا تھا۔ اس دن مجھے بھی اندازہ ہوا کہ مرزا صاحب کے سینے میں علم کی کتنی دولت بھری پڑی ہے۔ فیض پشیمانی سے بار بار مرزا صاحب کی طرف دیکھتے تھے۔ پطرس دل ہی دل میں ہنس رہے تھے کہ دیکھا اسے کہتے ہیں علم کا سمندر۔ ہم سب دم بخود ساکت بیٹھے مرزا صاحب کو آنکھیں پھاڑے دیکھ رہے تھے۔

(ب) حضرت ابوایوب انصاری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا مرتبہ علم ایسا تھا کہ صحابہ کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) مسائل کی تحقیق میں ان ہی سے رجوع کرتے تھے۔ حضرت ابوایوب انصاری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں : جوش ایمانی ،حق گوئی اور آنحضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے کراں محبت وعقیدت۔

سوال نمبر4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10)=2x5

(i) علامہ محمد اقبال نے مسلمانوں کے لئے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟ (ii) سیدانی بی قلعے میں کیا کام کرتی تھیں؟

(iii) بارش کی کمی کی وجہ سے باغ کی کیا حالت ہوگئی ؟ (نام دیو مالی) (iv) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کیا تھی؟

(v) نظم " فاطمہ بنت عبداللہ " میں تازہ انجم کا ظہور کا مفہوم واضح کیجئے۔ (vi) تشبیہ کی تعریف کیجئے اور اس کے ارکین کی تعداد کتنی ہے؟

(vii) حسرت موہانی کے مطابق مصیبت کے راحت فزا ہونے کی وجہ کیا ہے؟ (viii) قافیہ کی تعریف کیجئے اور ایک مثال دیجئے۔

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیئے۔ (الف) پرستان کی شہزادی (ب) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (5)

سوال نمبر6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے۔ (الف) سائنس کے کرشمے (ب) طالب علم کے فرائض (ج) پانی کی اہمیت (15)

سوال نمبر7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا ، مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابل تعریف تھیں ان کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیر ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے ان میں آزادؔ اور حالیؔ دونوں نے طبع آزمائی کی۔

(i) اس عبارت کا عنوان تحریر کیجئے۔ (ii) اس عبارت میں مولانا سے کون مراد ہیں؟

(iii) مولانا کس عیب سے بری تھے؟ (iv) داد دینا کے معنی لکھیئے۔

(v) تبصرہ کسے کہتے ہیں ؟

---------☆☆☆☆☆---------

24-02-2022

Noor Coaching Centre
W- Block Satellite Town Khanpur
0334-6861086

D

L.K.No. 61

Paper Code No. 7027

( Ist - A - Exam - 2023 )

SSC ( Part - II )

گروپ فرسٹ

اُردو (لازمی)

پرچہ : II (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

سیشن ( 2019 - 21 ) تا ( 2021 - 23 )

**نوٹ :** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C ، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**سوال نمبر 1** درست اعراب کی نشان دہی کیجئے :

(1) (A) شُکْرُ (B) شُکَرْ (C) شُکْرَ (D) شُکُرْ

(2) وہ فعل جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا موجودہ اور آئندہ زمانے میں معلوم ہو اُسے کہتے ہیں :
(A) فعل مضارع (B) فعل امر (C) فعل نہی (D) فعل لازم

(3) اسم معرفہ کی کتنی اقسام ہیں :
(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 6

(4) درست اعراب کی نشاندہی کیجئے :
(A) مُصَوِّرْ (B) مَصْوَرْ (C) مُصْوِرْ (D) مَصَوَّرْ

(5) دو یا دو سے زیادہ بامعنی لفظوں کے مجموعے کو کہتے ہیں :
(A) لاحقہ (B) سابقہ (C) مفرد (D) مرکب

(6) نظم " مال گودام روڈ " کس شاعر کی تخلیق ہے :
(A) دلاور فگار (B) مرزا محمود سرحدی (C) جمیل الدین عالی (D) ضمیر جعفری

(7) نظم " نعت " کے متن کے مطابق محبوبِ پروردگار کا پیغام کیا ہے :
(A) اصولِ محبت (B) غم گساری و غریب نوازی (C) امانت داری (D) یہ تمام

(8) شاملِ نصاب آدا جعفری کی غزل اُن کے کس مجموعۂ کلام سے لی گئی ہے :
(A) غزالاں تم تو واقف ہو (B) ہم سفر (C) سازِ سخن بہانہ ہے (D) میں ساز ڈھونڈتی رہی

(9) پروگرام " دانش کدہ " میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے :
(A) 4 (B) 3 (C) 2 (D) 7

(10) لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی :
(A) اٹھنی (B) ایک روپیا (C) پانچ روپے (D) دس روپے

(11) استنبول کا فاتح کون تھا :
(A) حضرت ابو ایوب انصاری (رضی اللہ عنہ) (B) مراد ثانی (C) سلطان محمد فاتح (D) سلطان سلیمان

(12) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں :
(A) شاہ ولی اللہ (رحمتہ اللہ علیہ) (B) امیر خسرو (رحمتہ اللہ علیہ) (C) حضرت مجدد الف ثانی (رحمتہ اللہ علیہ) (D) حضرت نظام الدین اولیا (رحمتہ اللہ علیہ)

(13) باغ کے داروغہ کون تھے :
(A) سید سراج الحسن (B) مولوی عبدالحق (C) ایوب عباسی (D) عبدالرحیم نفیس

(14) علی بخش کو زمین کہاں الاٹ ہوئی :
(A) جھنگ (B) لائل پور (C) لاہور (D) خانیوال

(15) " مطالعہ حالی " کس کی کتاب ہے :
(A) ڈاکٹر وحید قریشی (B) ڈاکٹر وزیر آغا (C) ڈاکٹر سہیل احمد (D) ڈاکٹر مسعود حسن ادیب

---------☆☆☆☆☆---------

| رول نمبر | L.K.No. 61-56000 | (گروپ فرسٹ) | سیشن (2019-21) تا (2021-23) |
|---|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2023 | SSC ( Part - II ) | وقت 2 : 10 گھنٹے کل نمبر : 60 |

**حصہ اول**

《 ہدایات 》 ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** (10)=2x5

(الف) اُصولِ محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوبِ پروردگار آ گیا ہے

(ب) یہ سعادت حُورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(ج) مَن پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے — سُننے والے سُنیں تو ان میں ایک ہی دھُن لہرائے

(د) اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

**حصہ غزل**

(الف) ترے ذرّتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(ب) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(ج) مِل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹُوٹ کر دل، اسی سے ملتا ہے

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 5+5

(الف) صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی! خاموش موت! مرزا صاحب کی علالت مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور ان کے سینکڑوں دوستوں اور قدردانوں کو اس سانحۂ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔

(ب) باغوں میں رہتے رہتے اُسے جڑی بوٹیوں کی بھی شناخت ہو گئی تھی۔ خاص کر بچوں کے علاج میں اُسے بڑی مہارت تھی۔ دُور دُور سے لوگ اس کے پاس بچوں کے علاج کے لئے آتے تھے۔ وہ اپنے باغ ہی میں سے جڑی بوٹیاں لا کر بڑی شفقت اور غور سے اُن کا علاج کرتا۔ کبھی کبھی دوسرے گاؤں والے بھی اُسے علاج کے لئے بلا لے جاتے۔ بلا تامل چلا جاتا۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)=2x5

(i) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کون سا ایک لفظ کہہ کر بنائی ہے؟
(ii) آنکھ کی شبنم افشانی سے کیا مراد ہے؟
(iii) شاعرہ ادا جعفری نے دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا ہے؟
(iv) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟
(v) رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کے مخاطب کا کیا نام ہے اور یہ خط کہاں سے لکھا گیا؟
(vi) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟
(vii) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟
(viii) قدرت اللہ شہاب کی خود نوشت کا نام لکھیے اور یہ کب تصنیف ہوئی؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (الف) استنبول (ب) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) حب وطن (ب) والدین کی اطاعت (ج) چاندنی رات (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات :

(i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟
(ii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کو ذکر اوپر کیا گیا ہے اُن کے نام لکھیے۔
(iii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
(iv) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟
(v) دُنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

☆☆☆☆☆

18-01-2023

Noor Coaching Centre
W- Block Satellite Town Khanpur
0334-6861086

اُردو (لازمی) C L.K.No. 62 Paper Code No. 7026

(Ist - A - Exam - 2023)

پرچہ : II (معروضی طرز) گروپ سیکنڈ

وقت : 20 منٹ SSC ( Part - II )

نمبرات : 15 سیشن (2019-21) تا (2021-23)

Noor Coaching Centre
W- Block Satellite Town Khanpur
0334-6861086

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D، C، B، A دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر ۱ چغل خور نے کسان کے پاس روٹی ، کپڑا اور کس چیز کے عوض ملازمت اختیار کی :

(1) (A) گھی (B) چلم (C) پیسے (D) جوتے

(2) " بابائے اُردو " کا لقب کس کو دیا گیا : (A) میر تقی میر (B) علامہ محمد اقبال (C) غالب (D) مولوی عبدالحق

(3) علامہ محمد اقبال نے نرس کے لیے اشتہار دیا تو کہاں سے ایک جرمن لیڈی آگئی :

(A) جرمنی (B) برطانیہ (C) علی گڑھ (D) دہلی

(4) ہاجرہ مسرور کا انتقال ہوا : (A) 2006 (B) 2008 (C) 2010 (D) 2012

(5) آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا : (A) 3 (B) 5 (C) 7 (D) 9

(6) مسلمانوں کی اخلاق ، معاشرتی بُرائیوں کو دور کرنے کی تحریک شروع کی :

(A) شاہ ولی اللہ (رحمتہ اللہ علیہ) (B) مجدد الف ثانی (رحمتہ اللہ علیہ) (C) شاہ اسماعیل (D) سید احمد بریلوی

(7) سرسید نے مسلمانوں کی عید کے حوالے سے معاشرتی خامیاں اور غریبی کے نقشے تفصیل سے کہاں بیان کئے :

(A) عظمت رفتہ کی یاد (B) مسلمانان ہند کی عید (C) یتیم کی عید (D) تہنیت عید الفطر

(8) مجھے بیاہ کی جھٹ پٹ بھیج دیں : (A) مٹھائی (B) تصویر (C) چیزیں (D) سواری

(9) " لنگڑا " گرامر کی رُو سے ہے : (A) تخلص (B) لقب (C) عرف (D) خطاب

(10) فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے : (A) انگڑائی سے (B) خوش ادائی سے (C) محفل آرائی سے (D) محبوب کی خوش قامتی سے

(11) مال گودام روڈ پر شام ہوتے ہی چیخنے لگتے ہیں : (A) شغال (B) بچے (C) جانور (D) پرندے

(12) " آج " گرامر کی رُو سے ہے : (A) اسم ظرف زماں (B) اسم ظرف مکاں (C) اسم فاعل (D) اسم مشتق

(13) " عمل " کا درست تلفظ ہے : (A) عَمِلْ (B) عَمَلْ (C) عِمَلْ (D) عُمَلْ

(14) " معطر " کا درست اعراب ہے : (A) مُعَطَّرْ (B) مُعْطَّرْ (C) مَعَطَّرْ (D) مُعِطَّرْ

(15) جملہ اسمیہ کے کتنے اجزاء ہیں : (A) 2 (B) 4 (C) 5 (D) 8

----------☆☆☆☆☆----------

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رول نمبر | L.K.No. 62-18 | (گروپ سیکنڈ) | سیشن (2019-21) تا (2021-23) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2023 | SSC ( Part - II ) | وقت 2 : 10 گھنٹے کل نمبر : 60 |

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

## حصہ اول

**حصہ نظم** (10)=2x5

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

(الف) بجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت ۔۔۔ وہ پیغمبرِ ذی وقار آ گیا ہے

(ب) رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! ۔۔۔ ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

(ج) میاں ظفر کو مبارک یہ رشتۂ شادی ۔۔۔ اسی کو کہتے ہیں اُردو میں قیدِ آزادی

(د) اس کی چھاتی پر کئی تانگے الٹ کر رہ گئے ۔۔۔ سیکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

**حصہ غزل**

(الف) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے ۔۔۔ وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(ب) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں ۔۔۔ لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(ج) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ۔۔۔ یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

## حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 5+5

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر و الحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) جواب میں چغل خور بڑے رازدارانہ انداز میں بولا : " دراصل کسان کوڑھی ہو گیا ہے۔ اس نے اپنی یہ بیماری اب تک تم سے چھپائے رکھی ہے"۔ " کوڑھی ہو گیا ہے ؟ " کسان کی بیوی نے چونک کر پوچھا۔ اسے بڑا تعجب ہوا۔ یہ بات اس کے لیے جس قدر نئی تھی ، اس سے کہیں زیادہ حیران کن بھی تھی۔ چغل خور نے جب اپنا تیر نشانے پر بیٹھتا دیکھا تو بولا ! اگر تمھیں یقین نہ آئے تو آزما کر دیکھ لو"۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)=2x5

(i) ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے علیحدہ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں پیش کیا ؟ (ii) علی بخش کو کتنی زمین الاٹ ہوئی اور کس جگہ الاٹ ہوئی؟

(iii) مرزا غالب کے دونوں خطوط کے مجموعوں کے نام لکھیے۔ (iv) " نام دیو مالی" سبق کے مصنف کے مطابق اچھا انسان کیسے بنا جا سکتا ہے؟

(v) سبق " مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ " کے مطابق مصنف پر فقیر کی باتوں کا کیا اثر ہوا؟

(vi) میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے ؟ نیز بتائیے کہ نظم " میدان کربلا میں گرمی کی شدت " شاعری کی کس ہیئت میں ہے؟

(vii) نظم " کسان " کے مطابق کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟ (viii) حسرت موہانی منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لیے کیوں پُر امید ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے (الف) نام دیو مالی (ب) پرستان کی شہزادی (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) علامہ محمد اقبال (ب) تعلیم نسواں (ج) تحریک پاکستان (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لئے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو بُرائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو بُرائی کی طرف مائل کرتی ہیں اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں ، سفرنامے ، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات :

(i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟ (ii) بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

(iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟ (iv) طالب علم کے لئے کون سی کتابیں مفید ہیں؟ (v) اس عبارت کا مناسب عنوان لکھیے۔

☆☆☆☆☆

19-01-2023

| D | L.K. No. 01 - | Paper Code No. 7027 | اُردو(لازمی) |
|---|---|---|---|

1st A. Exam. 2024

SSC (Part – II)

سیشن (2020-22) تا (2022-24)

گروپ فرسٹ

پرچہ : II (معروضی)

وقت : 20 منٹ

نمبرات: 15

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات A، B، C، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

سوال نمبر 1

(1) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے سختیاں جھیلیں :
(A) حضرت مجدد الف ثانی(رحمۃ اللہ علیہ) نے (B) شاہ اسمٰعیل شہید نے (C) شاہ ولی اللہ(رحمۃ اللہ علیہ) نے (D) سید احمد بریلوی نے

(2) لڑکی نے قلی کو رقم دی :
(A) دس روپے (B) ایک روپیہ (C) اُٹھنّی (D) چار روپے

(3) مولوی عبدالحق کے بقول " سچائی، نیکی، حسن" کسی کی نہیں :
(A) مہارت (B) میراث (C) چاہت (D) شناخت

(4) مقبرہ رابعہ دورانی واقع ہے :
(A) الٰہ آباد میں (B) حیدر آباد میں (C) دلی میں (D) اورنگ آباد میں

(5) عید الفطر کے موقع پر مسلم معاشرے کے کس طبقے کو سب سے زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے :
(A) اُمرا (B) غربا (C) صنعت کار (D) سفید پوش

(6) سڑک پر تانگے اُلٹ جانے سے گھوڑوں پر کیا گزرتی ہے :
(A) بھاگ جاتے ہیں (B) بے ہوش ہو جاتے ہیں (C) مر جاتے ہیں (D) بیٹھ جاتے ہیں

(7) حکومت نے علی بخش کو زمین الاٹ کی :
(A) آدھا مربع (B) ایک مربع (C) دو مربع (D) تین مربع

(8) باغ کے داروغہ کون تھے :
(A) عبدالرحیم فیضی (B) ایوب عباسی (C) مولوی عبدالحق (D) محمد تحسین

(9) اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہو گا :
(A) خدا کا (B) کائنات کا (C) انسان کا (D) جنات کا

(10) درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے :
(A) شُکُرْ (B) شُکَرْ (C) شُکِرْ (D) شُکْرْ

(11) وہ کلمہ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا کسی زمانے میں معلوم ہو، کہلاتا ہے :
(A) اسم (B) فعل (C) حرف (D) کلمہ

(12) بقول حسرت موہانی "انتہا تک" پہنچنے کی شرط ہے :
(A) ایثار (B) جہدِ مسلسل (C) ابتدا کرنا (D) چاہت اور محنت

(13) گرائمر کی رو سے "گیارہ کتابیں" ہیں :
(A) مرکب تام (B) مرکبِ عددی (C) مرکب اشاری (D) مرکب جاری

(14) درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے :
(A) خُلُوْص (B) خَلُوْص (C) خِلُوْص (D) خَلُوْص

(15) اسم معرفہ کی قسمیں ہیں :
(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 6

---------☆☆☆☆☆---------

| گروپ فرسٹ | L.K. No. 01- 50000 | رول نمبر: |
|---|---|---|
| سیشن(2020-22) تا (2022-24) | 1st A. Exam. 2024 | اُردو لازمی (انشائیہ) |
| کل نمبر : 60 | SSC (Part – II) | وقت: 2 : 10 گھنٹے |

**حصہ اول**

﴿ھدایات﴾ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔☆

**حصہ نظم** 10=2x5

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

(الف) دو عالم کا امداد گار آگیا ہے
امین آگیا ، غم گُسار آگیا ہے

(ب) سُرخی اُڑی تھی پھولوں سے ، سبزی گیاہ سے
پانی کنوؤں میں اُترا تھا سائے کی چاہ سے

(ج) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی
ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی !

(د) جلوۂ قدرت کا شاہد ، حُسنِ فطرت کا گواہ
ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

**حصہ غزل**

(الف) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا
رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(ب) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(ج) نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بوئے سمن سے
جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

**حصہ دوم**

10=5+5

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔

(الف) شہر کی بیگمات میں بھی ان کے ہُنر کی دھاک تھی۔ سب انہیں آنکھوں پر بٹھاتے تھے۔ آج پالکی چلی آرہی ہے کہ بڑی سرکار نے بلایا ہے۔ کل ڈولی کھڑی ہوئی ہے کہ نواب سلطان جہاں بیگم نے یاد کیا ہے۔ نہ رات کو فرصت تھی نہ دن کو چین۔

(ب) صبح سویرے میں نے انہیں فروٹ سالٹ پلایا اور کہا کہ اب آپ کی طبیعت بحال ہو جائے گی، لیکن عین پانچ بج کر دس منٹ پر ان کی آنکھوں میں ایک تیز تیز نیلی نیلی سی چمک آئی اور زبان سے اللہ ہی اللہ نکلا۔ میں نے جلدی سے ان کا سر اٹھا کر اپنے سینے پر رکھ لیا اور انہیں جھنجوڑنے لگا لیکن وہ رخصت ہو گئے تھے۔

10=2x5

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

(i) شاعر نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے اسے دو سطروں میں لکھیے۔
(ii) شاعر کے بیان کے مطابق دریائے فُرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟
(iii) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔
(iv) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟
(v) شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟
(vi) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟
(vii) علامہ اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟
(viii) مصنف کے کون سے دوست ادب کے زیادہ دل دادہ ہیں؟

(5)
سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (الف) اُردو ادب میں عید الفطر (ب) نام دیو مالی

(15)
سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) محسن انسانیت ﷺ (ب) برسات کا موسم (ج) تندرستی ہزار نعمت ہے

(10)
سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجا یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعۃً ملتان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعۃً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے ، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں ، سینکڑوں اکڑ کر مر گئے ، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

**سوالات :**

(i) "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟
(ii) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟
(iii) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟
(iv) سبکتگین اور جے پال کا مختصر تعارف لکھیے۔
(v) ہندوستانیوں کو برف باری کی وجہ سے کیوں نقصان اٹھانا پڑا؟

---------☆☆☆☆☆---------

09-12-23

D

L.K. No. 02 -
1st A. Exam. 2024
SSC (Part – II)
سیشن (2020-22) تا (2022-24)

Paper Code No. 7028

اُردو (لازمی)

پرچہ : II (معروضی) — گروپ سیکنڈ
وقت : 20 منٹ
نمبرات : 15

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) قدِ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے :
(A) انگڑائی سے (B) دلربائی سے (C) محبوب کی خوش قامتی سے (D) کج ادائی سے

(2) سب محنت کش :
(A) کام کرنے لگے (B) متحد ہو گئے (C) گلے ملے (D) تھکنے لگے

(3) شاعر نے کس سڑک کا منظر دکھایا ہے :
(A) میکلوڈ روڈ (B) بندر روڈ (C) طارق روڈ (D) مال گودام روڈ

(4) درست اعراب کی نشاندہی کیجیے :
(A) اِرْشَادْ (B) اَرْشَادْ (C) اُرْشَادْ (D) اِرشَادْ

(5) رشید احمد صدیقی کو گھوڑوں سے ہجوم میں کس چیز کا احساس ہونے لگا :
(A) مہنگائی کا (B) تنہائی کا (C) جدائی کا (D) بے وقعتی کا

(6) حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی :
(A) آدھا مربع (B) ایک مربع (C) دو مربعے (D) تین مربعے

(7) "مساجد کا شہر" کسے کہا جاتا ہے :
(A) مشہد (B) لاہور (C) کراچی (D) استنبول

(8) دوسرے خط میں غالب نے کس کو دعا دی :
(A) شیو نرائن کو (B) میر مہدی کو (C) مرزا حاتم کو (D) میرن کو

(9) ڈاکٹر سراج الحسن کی ایک خوبی یہ بھی کہ وہ تھے :
(A) نباض (B) فیاض (C) مردم شناس (D) خوش مزاج

(10) درست اعراب کی نشاندہی کیجیے :
(A) نُکَاتْ (B) نِکَاتْ (C) نَکَاتْ (D) نِکّاتْ

(11) "کہ" گرامر کی رو سے کیا ہے :
(A) حرفِ تشبیہ (B) حرفِ علت (C) حرفِ بیان (D) حرفِ جار

(12) اسم آلہ کی مثال ہے :
(A) شام (B) سبزی منڈی (C) آج (D) مسواک

(13) شفیع عقیل کس "روزنامے" سے منسلک ہے :
(A) جنگ (B) نوائے وقت (C) مساوات (D) امروز

(14) اضافت کی کتنی اقسام ہیں :
(A) 7 (B) 8 (C) 9 (D) 10

(15) "شمع" کس کی تحریر ہے :
(A) خدیجہ مستور (B) ہاجرہ مسرور (C) رضیہ بٹ (D) قرۃ العین حیدر

———☆☆☆☆☆———

| رول نمبر: | L.K. No. 02- 4500 | گروپ سیکنڈ |
|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | 1st A. Exam. 2024 | سیشن (2020-22) تا (2022-24) |
| وقت: 2 : 10 گھنٹے | SSC (Part – II) | کل نمبر : 60 |

**حصہ اول**

﴿ہدایات﴾ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔☆

**حصہ نظم** 10=2x5

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

(الف) گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے — پتے بھی مثل چہرۂ مدقوق زرد تھے

(ب) رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! — ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

(ج) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(د) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبض خاک پر

**حصہ غزل**

(الف) مُصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(ب) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر — شانِ رنگینی حسن چمن آرا بھی نہیں

(ج) نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

**حصہ دوم**

10=5+5

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔

(الف) حقیقت یہ ہے کہ جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کو، جن میں ہر نسل، ہر رنگ اور مختلف جغرافیائی خطوں کے لوگ شامل تھے، ایک ایسی قوم کے ماتحت اقلیت بن کر رہنا منظور نہ تھا جو اسلامی قومیت کے برعکس ذات پات، چھوت چھات اور بت پرستی کے بندھنوں میں جکڑی ہوئی تھی۔ چنانچہ انہوں نے اپنی جداگانہ قومیت یعنی اسلامی قومیت کی بنیاد پر اپنے لیے ایک جدا وطن کا مطالبہ کیا۔

(ب) ہاں صاحب! منشی بالکند بے صبر کے ایک خط کا جواب ہم پر قرض ہے۔ میں کیا کروں؟ اُس خط میں انہوں نے اپنا سیر و سفر میں مصروف ہونا لکھا تھا۔ بس میں ان کے خط کا جواب کہاں بھیجتا؟ اگر تم سے ملیں تو میرا سلام کہہ دینا اور مطبع آگرہ سے کتابوں کا حال تم خود دریافت کر ہی لوگے، میرے کہنے اور لکھنے کی کیا حاجت؟

10=2x5

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

(i) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(ii) غالب کے تیسرے خط کے مطابق "مجتہد العصر" کسے کہا گیا ہے؟

(iii) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟

(iv) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کونسا پیشہ اختیار کیا؟

(v) اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی؟

(vi) میر انیس کا اصل نام کیا تھا اور وہ کہاں پیدا ہوئے؟

(vii) "حمد" میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(viii) فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (الف) ملمع (ب) استقبال (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) حُب الوطنی اور اس کے تقاضے (ب) آبِ زم زم (ج) تمباکو نوشی کے نقصانات (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حُسنِ اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدرآباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطۂ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیر نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

**سوالات:**

(i) اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) نے شعر کے ذریعے ہمیں کیا تلقین کی؟

(ii) اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں کس طرح حصہ ملایا؟

(iii) اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟

(iv) اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) نے مسلمانوں کے حقوق کی جنگ کہاں اور کتنا عرصہ لڑی؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔

☆☆☆☆☆

11-12-23

D

L.K. No. 02 -

1st A. Exam. 2024

SSC (Part – II)

سیشن (2020-22) تا (2022-24)

**Paper Code No. 7028**

گروپ سیکنڈ

# اُردو (لازمی)

پرچہ : II (معروضی)

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

**نوٹ :** ہر سوال کے چار جوابات A، B، C، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

**سوال نمبر 1**

(1) فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے :

(A) انگڑائی سے (B) دلربائی سے (C) محبوب کی خوش قامتی سے (D) کج ادائی سے

(2) سب محنت کش :

(A) کام کرنے لگے (B) متحد ہو گئے (C) گلے ملے (D) لڑنے لگے

(3) شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے :

(A) میکلوڈ روڈ (B) بندر روڈ (C) طارق روڈ (D) مال گودام روڈ

(4) درست اعراب کی نشاندہی کیجیے :

(A) اِرْشَادْ (B) اَرْشَادْ (C) اُرْشَادْ (D) اِرِشَادْ

(5) رشید احمد صدیقی کو کچھ دنوں سے ہجوم میں کس چیز کا احساس ہونے لگا :

(A) مہنگائی کا (B) تنہائی کا (C) جدائی کا (D) بے وفائی کا

(6) حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی :

(A) آدھا مربع (B) ایک مربع (C) دو مربعے (D) تین مربعے

(7) " مساجد کا شہر " کسے کہا جاتا ہے :

(A) مشہد (B) لاہور (C) کراچی (D) استنبول

(8) دوسرے خط میں غالب نے کس کو دعا دی :

(A) شیونرائن کو (B) میر مہدی کو (C) مرزا حاتم کو (D) میرن کو

(9) ڈاکٹر سراج الحسن کی ایک خوبی یہ تھی کہ وہ تھے :

(A) نبّاض (B) فیّاض (C) مردم شناس (D) خوش مزاج

(10) درست اعراب کی نشاندہی کیجیے :

(A) نُکَاتْ (B) نِکَاتْ (C) نَکَاتْ (D) نِکَّاتْ

(11) " کہ " گرائمر کی رو سے کیا ہے :

(A) حرف تشبیہ (B) حرف علت (C) حرف بیان (D) حرف جار

(12) اسم آلہ کی مثال ہے :

(A) شام (B) سبزی منڈی (C) آج (D) مسواک

(13) شفیع عقیل کس " روزنامے " سے منسلک رہے :

(A) جنگ (B) نوائے وقت (C) مساوات (D) امروز

(14) اضافت کی کتنی اقسام ہیں :

(A) 7 (B) 8 (C) 9 (D) 10

(15) " ملمع " کس کی تحریر ہے :

(A) خدیجہ مستور (B) ہاجرہ مسرور (C) رضیہ بٹ (D) قرۃ العین حیدر

---------☆☆☆☆☆---------

CamScanner